Sarva Shiksha-2015-16 (Free)

سبق۔10

ہند کے باغبانو اُٹھو



اٹھو ہند کے باغبانوں اٹھو!
اٹھو انقلابی جوانو اٹھو!

کسانوں اٹھو کامگارو اٹھو!
نئی زندگی کے شرارے اٹھو!

اٹھو کھیلتے اپنی زنجیر سے
اٹھو خاکِ بنگال کشمیر سے

اٹھو وادی و دشت و کہسار سے
اٹھو سندھ پنجاب و ملبار سے

اٹھو مالواسے اورمیوات سے
مہاراشٹر سے اور گجرات سے

اودھ کے چمن سے چہکتے اٹھو
گلوں کی طرح سے مہکتے اٹھو

اٹھو کھل گیا پرچم انقلاب
نکلتا ہے جس طرح سے آفتاب

اٹھو جیسے دریا میں اُٹھتی ہے موج
اٹھو جیسے آندھی کی بڑھتی ہے فوج

اٹھو برق کی طرح ہنستے ہوئے　　　　کڑکتے ' گرجتے ' برستے ہوئے

غلامی کی زنجیر کو توڑ دو

زمانے کی افتاد کو موڑ دو

علی سردار جعفری

پڑھیے اور سمجھیے :

☆ دشت : جنگل

☆ کہسار : پہاڑ

☆ برق : بجلی

☆ اُفتاد : مصیبت۔بلا

☆ شرارے: چنگاریاں

☆ پرچم : جھنڈا

سوال وجواب:

(1) شاعر کن کن کو اٹھنے کو کہہ رہا ہے؟

(2) نظم ''اٹھو'' میں اٹھنے سے کیا مراد ہے؟

(3) شاعر لوگوں کو کیوں اٹھا رہا ہے؟

(4) نظم 'اٹھو' میں کون کون سے جغرافیائی خطے کا ذکر کیا گیا ہے؟

(5) نظم میں انقلابی جوان کس کی طرف اشارہ ہے؟

(6) نظم میں وطن کی خاطر جوانوں کو کس طرح سے اٹھنے کی بات شاعر نے کی ہے لکھیے۔

مندرجہ ذیل الفاظ کے جمع بنایئے:

مثال: بہار کے رہنے والے کو بہاری کہتے ہیں:

(1) بنگال .... (4) پنجاب ....

(2) کشمیر .... (5) مہاراشٹر ....

(3) سندھ .... (6) گجرات ....

خالی جگہوں کو بھریں:

مثال: جوان : جوانو

(1)	[illegible]	
(2)	مہمان	
(3)	صحرا	
(4)	تھیلی	
(5)	گانا	

خالی جگہوں کو بھریں:

(الف) اٹھو برق کی طرح .... ہوئے

کڑکتے گرجتے .... ہوئے

(ب) غلامی کی .... کو توڑ دو

زمانے کی .... کو موڑ دو

خانہ (الف) کو خانہ (ب) سے ملائیں:

(الف)		(ب)
1۔ اٹھو وادی و دشت کہسار سے	:	اٹھو جیسے آندھی کی بڑھتی ہے فوج
2۔ اٹھو جیسے دریا میں اٹھتی ہے موج	:	نئے زندگی کے شرارے اٹھو
3۔ کسانوں اٹھو کامگارو اٹھو	:	اٹھو سندھ، پنجاب و ملبار سے
4۔ غلامی کی زنجیر کو توڑ دو		زمانے کی افتاد کو موڑ دو
5۔ اٹھو برق کی طرح ہنستے ہوئے		کڑکتے، گرجتے برستے ہوئے

درج ذیل جمع الفاظ کے واحد لکھیں:

(i) باغبانوں: ____________

(ii) جوانوں : ____________

(iii) کامگارو : ____________

(iv) شرارے: ____________

(v) گلوں ____________

خود سے کرنے کے لئے:

☆ نون غنہ 'ں' کا استعمال کرتے ہوئے لفظوں کی تشکیل کریں:

☆ اپنی یاد سے نظم ''ہند کے باغبانو اُٹھو'' کے دو اشعار لکھیں:

____________ ____________

____________ ____________

Sarva Shiksha-2015-16 (Free)

- اپنے استاد کی مدد سے معلوم کریں کہ 'مالوا' اور 'میوات' دورِ حاضر میں کس ریاست کا حصہ ہے۔
- اودھ کو آج کس نام سے جانا جاتا ہے؟
- ہندوستان کا نقشہ بنائیے: